© rasailojaraid.com



اکرام اللہ ساجد

# تبصرۂ کتب

نام کتاب : راہ سعادت
مؤلفہ : فضیلۃ الشیخ عبداللہ سلیمان بن حمید
مترجم : حافظ عبدالرحمٰن نعیم
ضخامت : ۸۰ صفحات
ناشر : سبحانی اکیڈمی ۱۹ - اردو بازار، لاہور

زیر نظر کتاب فضیلۃ الشیخ عبداللہ بن سلیمان بن حمید رئیس ہیئات القصیم (بریدۃ) کی عربی تالیف "حسن الافادۃ الی طریق السعادۃ" کا اردو ترجمہ ہے۔ مؤلف موصوف نے اس کتاب میں ان منکرات کی نشاندہی فرمائی ہے جو "امر بالمعروف اور نہی عن المنکر" ایسے اہم فریضہ سے پہلوتہی کے باعث ہمارے معاشرہ میں رواج پاکر اسے رو بہ انحطاط کر چکے ہیں اور پھر اسی ضمن میں جہاں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا ہے، وہاں انہوں نے ان منکرات کا براہ راست بطلان بھی کتاب و سنت کی روشنی میں کیا ہے۔

انداز بیان اس قدر مؤثر ہے کہ اس کا ہر قاری دوران مطالعہ اپنا محاسبہ خود کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے ——— امر واقعہ یہ ہے کہ مترجم نے بھی اپنا حق یوں ادا کیا ہے کہ ترجمہ، ترجمہ معلوم نہیں ہوتا بلکہ اس کا اپنا ایک منفرد انداز ہے۔

اس کتاب کے آخری ۲۶ صفحات میں دورِ حاضر کے اہم مسئلہ "عطیہ چشم بعد از مرگ" کے سلسلہ میں مختلف مکاتبِ فکر کے علمائے کرام کی تفصیلی آراء و فتاوے درج کیے گئے ہیں جس سے کتاب کی افادیت میں ایک گونہ اضافہ ہو گیا ہے۔ کتابت و طباعت انتہائی عمدہ، سفید کاغذ، معنوی اور صوری خوبیوں سے آراستہ



© rasailojaraid.com